تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

April, 11, 2025

پریس ریلیز

## جامعہ ملیہ اسلامیہ نے متحرک بیداری مہم کے ساتھ منشیات کو 'نہیں' کہا

کیمپس کو نشہ خوری جیسی لعنت سے محفوظ رکھنے کی پر جوش کوشش میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کی نشہ مکت ہاسٹل کمیٹی (این ایم ایچ سی) نے نشہ مکت بھارت ابھیان کے اشتراک سے نو اپریل دو ہزار پچیس کو منشیات سے پاک متحرک بیداری مہم چلائی۔اس موثر اقدام کا مقصد نشہ خوری کے خطرات کے طلبہ کا آ گاہ کرنا ہے اور یونیورسٹی میں صحت اور ذمہ داری کی فضا کو مزید تقویت دینا ہے۔

عزت مآب شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ کی موقر قیادت میں نشہ خوری کے خلاف بیداری مہم پروگرام میں پروفیسر نیلوفر افضل، ڈین،اسٹوڈینٹس ویلفیئر، پروفیسر اوشوندر کور پوپلی، این ایم ایچ سی کے نوڈل آفیسر اور این ایم ایچ سی کے کنویز ڈاکٹر محمد فیض اللہ سمیت اہم شخصیات شریک ہوئیں۔کمیٹی اراکین جیسے کہ پروفیسر فرح ناز اور طلبہ کے نمائندگان تنویر، نیہا اور پراینت کی موجودگی اور تعاون نے پروگرام کو مزید بہتر کر دیا۔

بیداری مہم میں تخلیقی چاشنی ڈالتے ہوئے کیرالہ فیسٹول 'موز ریس' کے سرگرم جلوس کی شمولیت سے تہذیب وسرگرمی کے امتزاج نے سامعین وحاضرین کی توجہ اور تخیل کے لیے سامان تسکین فراہم کر دیا۔

بیداری مہم میں پانچ سو سے زیادہ تعداد میں پر جوش طلبہ اور اساتذہ نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ان کی فعال شراکت نے کمپس میں ہر کسی کے لیے منشیات سے پاک اور صحت مند تعلیمی فضا کے فروغ کے تئیں جامعہ کے پختہ عہد کو اجاگر کیا ہے۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی